وعدے وفا کرنے۔ پانچویں میں آپ اپنے پر رشک آنا، چھٹے میں دلِ رنجور کا نقش مدعائے غیر کی طرح بیٹھا جانا، ساتویں میں کھینچنے سے نقش کا مصور سے کھنچنا، آٹھویں میں مٹتے مٹتے آپ اپنی قسم ہو جانا، نویں میں آپ اپنی ہمت عالی کے ہاتھ بِک جانا، دسویں میں باوجود موت آنے کے موت نہ آنی، یہ سب متاخرانہ نزاکتیں ہیں جو ولی سے لیکر میر، سودا اور درد تک کے کلام میں نہ تھیں؛ اور اگر تھیں تو صرف اُس قدر جیسے آٹے میں نمک۔

اگرچہ ایران میں زمانۂ حال کے شعرا ظہوری و عرفی و طالب و اسیر وغیرہ کی طرز کو ناپسند کرتے ہیں اور ہندوستان میں بھی روز بروز طبیعتیں نیچرل شاعری کی طرف مائل ہوتی جاتی ہیں۔ جسکا نتیجہ یہ ہونا چاہئے کہ رفتہ رفتہ اس قسم کے تکلفات و نزاکتیں نظروں سے گر جائیں۔ لیکن یہ سب زمانے کے مقتضیات ہیں جو ہمیشہ بدلتے رہتے ہیں ایسی باتوں سے اُن لوگوں کی اُستادی اور گرانمایگی میں کچھ فرق نہیں آتا جنکو نئی طرز کے موجد ہونیکا فخر حاصل تھا۔

بہرحال جو نسبت ظہوری، نظیری، عرفی، طالب، اسیر وغیرہم کے کلام کو سعدی، خسرو، حافظ، اور جامی کے کلام سے ہے تقریباً ویسی ہی نسبت مرزا کے ریختہ کو میر، سودا و درد کے ریختہ سے سمجھنی چاہئے۔ قدما اُردو روزمرّہ اور صفائی بیان کو سب باتوں سے زیادہ اہم اور مقصود بالذات جانتے تھے؛ برخلاف متاخرین کے کہ وہ ہر شعر میں ایک نئی بات پیدا کرنے اور اسالیب بیان میں نئے نئے تعجب انگیز اور لطیف و پاکیزہ اختراعات کرنے ہی کو کمالِ شاعری سمجھتے تھے اور زبان کی صفائی اور روزمرّہ کی نشست کو محض خیالات کے ظاہر کرنے کا ایک آلہ (نہ کہ مقصود شاعری) تصور کرتے تھے۔ چنانچہ مرزا ایک دوست کو

خط میں لکھتے ہیں کہ "بھائی! شاعری معنی آفرینی ہے قافیہ پیمائی نہیں ہے"

اگرچہ مرزا کی اردو شاعری پر بحث کرنے کے لئے ابھی بہت کچھ لکھنے کی گنجایش ہے لیکن چونکہ لوگوں کو ایسی باتوں سے زیادہ دلچسپی نہیں ہے اس لئے ہم اس بحث کو ختم کرتے ہیں اور صرف اس بات پر اکتفا کرتے ہیں کہ مرزا کے دیوانِ ریختہ میں جس قدر اشعار سرسری نظر میں ممتاز معلوم ہوں وہ بطور انتخاب کے یہاں نقل کر دئے جائیں۔ جو اشعار اس سے پہلے مثالوں میں لکھے جا چکے ہیں اُن کو اب مکرر نہ لکھیں گے اور جہاں ضرورت ہوگی شعر کے معنی بھی بتائینگے اور کہیں کہیں محاسنِ شعری کی طرف بھی اشارہ کیا جائیگا

ستائشگر ہے زاہد اسقدر جس باغِ رضواں کا   وہ اک گلدستہ ہے ہم بیخودوں کے طاقِ نسیاں کا

طاقِ نسیاں وہ طاق جس میں کچھ رکھکر بھول جائیں۔ طاقِ نسیاں کا گلدستہ وہ گلدستہ جس کو طاق میں رکھکر بھول جائیں۔ بیخودوں کے بہشت کو گلدستۂ طاقِ نسیاں سے تشبیہ دینا بالکل ایک نرالی تشبیہ ہے جو کہیں نہیں دیکھی گئی۔

محرم نہیں ہے تو ہی نواہاے راز کا   یہاں ورنہ جو حجاب ہے پردہ ہے ساز کا

یعنی راز کے نغموں سے تو خود ہی ناآشنا ہے؛ ورنہ دنیا میں جو بظاہر حجاب نظر آتے ہیں وہ بھی پردۂ ساز کی طرح بول رہے اور بج رہے ہیں، اور اسرارِ الٰہی ظاہر کر رہے ہیں۔

ایک ایک قطرہ کا مجھے دینا پڑا حساب   خونِ جگر ودیعتِ مژگانِ یار تھا

یعنی آنکھوں سے اس قدر خون جاری رہتا ہے کہ گویا جگر میں جتنا خون تھا وہ مژگانِ یار کی امانت تھی؛ اور اسلئے اُسکے ایک ایک قطرہ کا حساب اسی طرح دینا پڑیگا جس طرح امانت کا

حساب دینا پڑتا ہے۔

یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح   کوئی چارہ ساز ہوتا کوئی غمگسار ہوتا

اسے کون دیکھ سکتا کہ یگانہ ہے وہ یکتا   جو دوئی کی بو بھی ہوتی توکہیں دوچار ہوتا

یہ مسائلِ تصوف یہ ترا بیان **غالب**   تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا

سنا ہے کہ جس وقت یہ غزل مرزا نے بادشاہ کو سنائی تو بادشاہ نے مقطع سنکر کہا "بھئی ہم تو جب بھی ایسا نہ سمجھتے" مرزا نے کہا "حضور تو اب بھی ایسا ہی سمجھتے ہیں مگر یہ اس لئے ارشاد ہوا ہے کہ میں اپنی ولایت پر مغرور نہ ہو جاؤں"

نہ مارا جان کر بے جرم قاتل تیری گردن پر   رہا مانندِ خونِ بے گنہ حق آشنائی کا

کہتا ہے کہ تونے ایک مشتاقِ قتل کو بے جرم سمجھکر اس لئے قتل نہیں کیا کہ خونِ بیگناہ اپنی گردن پر نہ لے مگر اب تیری گردن پر بجائے خونِ بیگنہ کے حق آشنائی کا رہیگا۔

سب کے دلمیں ہے جگہ تیری جو تو راضی ہوا   مجھپہ گویا اک زمانہ مہرباں ہو جائے گا

کیا وہ نمرود کی خدائی تھی؟   بندگی میں مرا بھلا نہوا

کہتا ہے کہ میری بندگی کیا نمرود کی خدائی تھی کہ اس سے مجھکو سوا نقصان کے کچھ فائدہ نہ پہنچا یہاں بندگی سے مراد عبادت نہیں ہے بلکہ عبودیت ہے۔ بندگی پر نمرود کی خدائی کا اطلاق کرنا بالکل نئی بات ہے۔

جان دی۔ دی ہوئی اسی کی تھی   حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

غمِ فراق میں تکلیفِ سیرِ گل مت دو   مجھے دماغ نہیں خندہ ہائے بیجا کا

خندۂ گل کو خندۂ بیجا اس لئے کہا ہے کہ وہ کچھ سمجھکر یا ازراہِ تعجب نہیں ہنستا۔ پس گویا اسکا خندہ بے محل ہے۔

فلک کو دیکھ کے کرتا ہوں اسکو یاد اسد   جفا میں اسکی ہے انداز کارفرما کا

یعنی فلک کو دیکھ کے خدا یاد آتا ہے، کیونکہ فلک سے جو جفا سرزد ہوتی ہے اسکے حکم سے ہوتی ہے۔

میں اور بزمِ مے سے یوں تشنہ کام آؤں   گر میں نے کی تھی توبہ ساقی کو کیا ہوا تھا

یعنی اسنے زبردستی کیوں نہ پلادی؟

گھر ہمارا جو نہ روتے بھی تو ویراں ہوتا   بحر اگر بحر نہوتا تو بیاباں ہوتا

تنگیٔ دل کا گلا کیا یہ وہ کافر دل ہے   کہ اگر تنگ نہ ہوتا تو پریشاں ہوتا

پکڑے جاتے ہیں فرشتوں کے لکھے پر ناحق   آدمی کوئی ہمارا دمِ تحریر بھی تھا

یعنی ہمارے جرم کے ثبوت کے لئے کسی کی شہادت ہونی ضرور ہے، صرف فرشتوں کا لکھنا کافی نہیں۔

جب تک کہ نہ دیکھا تھا قدِ یار کا عالم   مَیں معتقدِ فتنۂ محشر نہوا تھا

دریائے معاصی تنک آبی سے ہوا خشک   میرا سرِ دامن بھی ابھی تر نہوا تھا

کہتا ہے کہ گناہ کرنے میں ہمارا حوصلہ اس قدر فراخ ہے کہ باوجودیکہ دریائے معاصی خشک ہو گیا مگر ابھی ہمارے دامن کا پلہ تک نہیں بھیگا۔ تذکرۂ آبحیات میں لکھا ہے کہ ذوق اس شعر کو نہایت پسند کرتے تھے، اور کہتے تھے کہ مرزا کو اپنے اچھے شعروں کی خود خبر نہیں ہوتی۔ یہ بعینہ ویسی ہی بات ہے جیسے مولانا آزردہ نے مرزا کا ایک عمدہ شعر سنکر اسکی تعریف کرتے وقت کہا تھا کہ "اسمیں مرزا کا

کیا کمال ہے یہ تو ہمارے انداز کا شعر ہے،، غرضکہ ایک ہمعصر دوسرے ہمعصر کی تعریف بھی کرتا ہے تو اُس میں ایک نہ ایک بات ضرور ایسی شامل کردیتا ہے جس سے یا اُسکی تنقیص لازم آئے یا اپنی تعریف اُس سے بھی زیادہ نکلے۔

آئینہ دیکھ اپنا سا منھ لے کے رہ گئے　　صاحب کو دل نہ دینے پہ کتنا غرور تھا

مرنے کی اے دل اور ہی تدبیر کر کہ میں　　شایانِ دست و بازوے قاتل نہیں رہا

رشک کہتا ہے کہ اُسکا غیر سے اخلاص حیف　　عقل کہتی ہے کہ وہ بے مہر کس کا آشنا

ذکر اُس پری وش کا اور پھر بیاں اپنا　　بن گیا رقیب آخر تھا جو رازداں اپنا

کہتا ہے کہ میں نے جو معشوق کے حسن کی تعریف کی تو جو شخص میرا محرم راز و ہمنشین تھا وہی سُنکر میرا رقیب بن گیا؛ کیونکہ اول تو ایسے پری وش کی تعریف تھی اور وہ بھی مجھ جیسے جادو بیان کی زبان سے۔ پہلے مصرع کا دوسرا رکن یعنی ،، اور پھر بیاں اپنا،، یہ مرزا کی خصوصیات میں سے ہے۔

دے وہ جس قدر ذلت ہم ہنسی میں ٹالینگے　　بارے آشنا نکلا اُن کا پاسباں اپنا

یعنی خوب ہی ہوا کہ معشوق کے در کا پاسباں ہمارا جان پہچان نکلا؛ اب ہمارے لئے اس بات کا موقع حاصل ہے کہ وہ جس قدر چاہے ہمکو ذلت دے ہم اُسکو ہنسی میں ٹالتے رہیں گے؛ اور یہ ظاہر کرینگے کہ ہمارا قدیم آشنا ہے؛ ہمارا اسکا قدیم سے یہی برتاؤ ہے۔

ہم کہاں کے دانا تھے کس ہنر میں یکتا تھے　　بے سبب ہوا غالب دشمن آسماں اپنا

آسمان کی دشمنی کے کیا خوب اسباب بتائے ہیں اور اپنی دانائی اور ہنرمندی کس خوبصورتی سے

ثابت کی ہے۔

رخصتِ نالہ مجھے دے کہ مبادا ظالم　　تیرے چہرے سے ہو ظاہر غمِ پنہاں میرا

یعنی اگر نالہ کی اجازت نہو گی تو ہم اُسکو ضبط کرینگے اور اُسکا اثر تجھ تک پہونچیگا۔

رات دن گردش میں ہیں سات آسماں　　ہو رہے گا کچھ نہ کچھ گھبرائیں کیا

عمر بھر دیکھا کیا مرنے کی راہ　　مر گئے پر دیکھئے دکھلائیں کیا

دکھلائیں کا مرجع خدا کو ٹھہرایا ہے کہتا ہے کہ عمر بھر موت کا منتظر رہا کہ وہ حالت زندگی سے ضرور بہتر ہوگی اب دیکھئے مرنے کے بعد کیا حالت دکھلاتے ہیں جسکا تمام عمر منتظر رکھا ہے۔

رحمت اگر قبول کرے کیا بعید ہے　　شرمندگی سے عذر نہ کرنا گناہ کا

حریفِ جوششِ دریا نہیں خودداریِ ساحل　　جہاں ساقی ہو تو دعویٰ ہے باطل ہوشیاری کا

یعنی ساحل لاکھ اپنے تئیں بچائے مگر جب دریا طغیانی پر آتا ہے تو ساحل محفوظ نہیں رہ سکتا اسی طرح جہاں تو ساقی ہو وہاں ہوشیاری کا دعوے چل نہیں سکتا یہ شعر حقیقت و مجاز دونو پر محمول ہو سکتا ہے

عشرتِ قطرہ ہے دریا میں فنا ہوجانا　　درد کا حد سے گذرنا ہے دوا ہوجانا

یعنی جب درد حد سے گذر جائیگا تو مر جائینگے یعنی فنا ہوجائینگے گویا قطرہ دریا میں کھپ جائیگا اور یہی اُسکا مقصود ہے پس درد کا حد سے گذر جانا یہی اُسکا دوا ہوجانا ہے۔

تجھسے قسمت میں مری صورتِ قفلِ ابجد　　تھا لکھا بات کے بنتے ہی جدا ہوجانا

ضعف سے گریہ مبدل بدمِ سرد ہوا　　باور آیا ہمیں پانی کا ہوا ہوجانا

دل سے مٹنا تری انگشتِ حنائی کا خیال　　ہو گیا گوشت سے ناخن کا جدا ہوجانا

ہے مجھے ابرِ بہاری کا برس کر کھُلنا   روتے روتے غمِ فرقت میں فنا ہو جانا

یعنی غمِ فرقت میں روتے روتے تمام ہو جانا میرے نزدیک ایک ایسی معمولی بات ہے جیسے ابرِ بہاری کا برس کر کھُلنا یہ بالکل نرالی تشبیہ ہے۔

مُند گئیں کھولتے ہی کھولتے آنکھیں غالب   یار لائے مِرے بالیں پہ اُسے پر کس وقت

کہتے ہیں جب رہی نہ مجھے طاقتِ سخن   جانوں کسیکے دل کی میں کیونکر کہے بغیر

بہرا ہوں میں تو چاہیے دونا ہو التفات   سُنتا نہیں ہوں بات مکرر کہے بغیر

وا حسرتا کہ یار نے کھینچا ستم سے ہاتھ   ہمکو حریصِ لذّتِ آزار دیکھکر

بِک جاتے ہیں ہم آپ متاعِ سخن کے ساتھ   لیکن عیارِ طبعِ خریدار دیکھکر

اِن آبلوں سے پانو کے گھبرا گیا تھا میں   جی خوش ہوا ہے راہ کو پُرخار دیکھکر

سر پھوڑنا وہ غالبِ شوریدہ حال کا   یاد آگیا مجھے تری دیوار دیکھکر

یارب نہ وہ سمجھے ہیں نہ سمجھینگے مری بات   دے اور دل اُنکو جو نہ دے مجھکو زباں اور

یہ شعر بظاہر معشوق کے حق میں معلوم ہوتا ہے مگر اسمیں درپردہ اُن لوگوں کی طرف بھی اشارہ ہے جو مرزا کے کلام کو بے معنی یا بعید الفہم کہتے تھے۔

ہر چند سبکدست ہوئے بت شکنی میں   ہم ہیں تو ابھی راہ میں ہے سنگِ گراں اور

اس شعر میں سارا زور ہم کے لفظ پر ہے یعنی جب تک کہ ہماری ہستی باقی ہے اُسوقت تک راہِ معرفت الٰہی میں ایک اور سنگِ گراں سدِّ راہ ہے پس اگر ہمنے بت توڑنے میں سبکدستی حاصل کی ہے تو کیا فائدہ؟ یہ بڑا بھاری بت یعنی ہماری ہستی تو ابھی موجود ہے۔

رُکتی ہے مری طبع تو ہوتی ہے رواں اُور   پاتے نہیں جب راہ تو چڑھ جاتے ہیں نالے

نالے یعنی ندی نالے نہ آہ و نالے۔ مثال کس قدر ممثّل لہ کے مطابق ہے اور مضمون کتنا مطابق واقع کے ہے فی الحقیقت مصیبت اور رنج و تکلیف کے سبب جوں جوں شاعر کی طبیعت رُکتی ہے اُسی قدر زیادہ راہ دیتی ہے خصوصاً جو مضمون وہ اُسوقت اپنے حسبِ حال لکھتا ہے وہ نہایت مؤثر اور دردانگیز ہوتا ہے۔

فلک سے ہمکو عیشِ رفتہ کا کیا کیا تقاضا ہے   متاعِ بُردہ کو سمجھے ہوئے ہیں قرض رہزن پر

متاعِ بُردہ یعنی لوٹی ہوئی متاع یہ مضمون بھی بالکل وقوعیات میں سے ہے جو لوگ آسودگی کے بعد مفلس ہو جاتے ہیں وہ ہمیشہ اپنے تئیں مظلوم و ستم رسیدہ و فلک زدہ سمجھا کرتے ہیں اور اخیر دم تک اس بات کے متوقع رہتے ہیں کہ ضرور کبھی نہ کبھی ہمارا انصاف ہوگا اور ہمارا اقبال پھر عود کریگا۔

رونقِ ہستی ہے عشقِ خانہ ویراں ساز سے   انجمن بے شمع ہے گر برق خرمن میں نہیں

یعنی تمام دنیا میں جو رونق اور چہل پہل ہے وہ عشق و محبت کی بدولت ہے، خواہ زن و فرزند کی محبت ہو، خواہ مال و دولت کی، خواہ ملک و ملت کی، خواہ اور کسی چیز کی۔ پس اگر خرمن میں برق یعنی دلوں میں محبت نہیں تو اِسکی مثال اُس انجمن کی ہے جسمیں شمع کی روشنی نہیں۔

زخم سلوانے سے مجھپر چارہ جوئی کا ہے طعن   غیر سمجھا ہے کہ لذت زخمِ سوزن میں نہیں

تھی وطن میں شان کیا غالب کہ ہو غربت میں قدر   بے تکلف ہوں وہ مشتِ خس کہ گلخن میں نہیں

اپنے تئیں خس یعنی پھوس وغیرہ سے، اور وطن کو گلخن سے، تشبیہ دی ہے؛ یعنی جس طرح پھونس گلخن میں ہوتا ہے تو جلتا ہے، اور گلخن میں نہیں ہوتا تو اُسکی کچھ قدر نہیں ہوتی، یہی حال میرا ہے، کہ وطن میں تھا

تو جلتا تھا اور اب پردیس میں ہوں تو بے قدر ہوں۔

مہرباں ہو کے بلالو مجھے چاہو جس وقت　　میں گیا وقت نہیں ہوں کہ پھر آ بھی نہ سکوں

زہر ملتا ہی نہیں مجھکو ستمگر۔ ورنہ　　کیا قسم ہے ترے ملنے کی کہ کھا بھی نہ سکوں

جب کہتے ہیں کہ اُسکو فلاں کام کرنے کی قسم ہے تو اِسکے یہ معنی ہوتے ہیں کہ اُسکو اُس کام کے کرنے سے انکار ہے پس عاشق معشوق کے ملنے کی قسم کیونکر کھا سکتا ہے کہتا ہے کہ زہر کچھ تیرے ملنے کی قسم نہیں ہے کہ اُسکو کھا نہ سکوں مگر چونکہ وہ ملتا نہیں اِسلئے نہیں کھا سکتا۔

قرض کی پیتے تھے مے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں　　رنگ لاویگی ہماری فاقہ مستی ایک دن

کس منھ سے شکر کیجیے اِس لطفِ خاص کا　　پرسش ہے اور پائے سخن درمیان نہیں

بوسہ نہیں نہ دیجیے دشنام ہی سہی　　آخر زباں تو رکھتے ہو تم گر دہاں نہیں

پاتا ہوں اُس سے داد کچھ اپنے کلام کی　　روح القدس اگرچہ مرا ہمزباں نہیں

یہاں ہمزباں کے لفظ میں ایہام ہے ظاہری معنی تو یہی ہیں کہ انسان اور فرشتے کی زبان ایک نہیں ہوسکتی اور در پردہ اسمیں یہ اشارہ ہے کہ جیسی فصیح میری زبان ہے ویسی روح القدس کی نہیں

مانعِ دشت نوردی کوئی تدبیر نہیں　　ایک چکر ہے مرے پاؤں میں زنجیر نہیں

اسی مطلب کو جو پہلے مصرع میں بیان ہو چکا ہے دوسرے مصرع میں نئے رنگ سے کس خوبی کے ساتھ بیان کیا ہے دشت نوردی کی مانع کوئی تدبیر نہ ہوئی اُسکو اِس طرح ادا کرنا کہ پاؤں میں چکر ہے مگر زنجیر نہیں کمال بلاغت ہے۔

حسرتِ لذتِ آزار رہی جاتی ہے　　جادۂ راہِ وفا جز دمِ شمشیر نہیں

جادہ یعنی پٹیا کو دمِ شمشیر سے تشبیہ دی ہے۔ مطلب شعر کا یہ ہے کہ عشق کے آزار اور تکلیف میں جو لذت ہے جی تو یہی چاہتا ہے کہ اُس لذت سے خوب دل کھول کر متمتع ہوں، مگر چونکہ وفا کی راہ سراسر تلوار کی دھار پر ہے اِس لئے پہلے ہی قدم پر موت نظر آتی ہے۔ پس افسوس ہے کہ لذتِ آزار کی حسرت دل کی دل ہی میں رہی جاتی ہے۔

الفتِ گل سے غلط ہے دعویٔ وارستگی　　سرو ہے باوصفِ آزادی گرفتارِ چمن

مطلب یہ ہے کہ کوئی کیسا ہی آزاد و وارستہ مزاج ہو دنیا میں عشق و محبت کے پھندے سے نہیں چھوٹ سکتا۔

ہے پرے سرحدِ ادراک سے اپنا مسجود　　قبلہ کو اہلِ نظر قبلہ نما کہتے ہیں

قبلہ پر قبلہ نما کا اطلاق ظاہرا مرزا کے سوا کسی نے نہیں کیا۔

رازِ معشوق نہ رسوا ہو جائے　　ورنہ مرجانے میں کچھ بھید نہیں

بھید کے معنی پوشیدہ بات کے ہیں، خواہ پوشیدہ مصلحت ہو، اور خواہ پوشیدہ قباحت ہو۔ یہاں پوشیدہ قباحت مراد ہے اگر مرجانے کی جگہ نہ مرنے کا لفظ ہوتا تو بھید کے معنی پوشیدہ مصلحت کے ہوجاتے۔

کہتے ہیں جیتے ہیں امید پہ لوگ　　ہمکو جینے کی بھی امید نہیں

یہ شعر سہل و ممتنع ہے اِس زمین میں اِس سے بہتر شعر نکالنا مشکل ہے۔

کل کے لئے کر آج نہ خست شراب میں　　یہ سوءِ ظن ہے ساقیِ کوثر کے باب میں

یعنی آج اِس خوف سے شراب دینی کہ کل نہ ملیگی ساقی کوثر کی فیاضی پر سوءِ ظن کرنا ہے۔

تا پھر نہ انتظار میں نیند آئے عمر بھر　　آنے کا وعدہ کر گئے آئے جو خواب میں

قاصد کے آتے آتے خط اک اور لکھ رکھوں میں جانتا ہوں جو وہ لکھیں گے جواب میں

دوسرے مصرع میں بطور طنز کے کہتا ہے کہ جو کچھ وہ جواب میں لکھیں گے مجھے معلوم ہے؛ یعنی وہ کچھ نہیں لکھنے کے۔ اسلئے قاصد کے واپس آنے سے پہلے ایک اور خط لکھ رکھوں۔

مجھ تک کب انکی بزم میں آتا تھا دورِ جام ساقی نے کچھ ملا نہ دیا ہو شراب میں

اس شعر میں پہلے مصرع کے بعد اتنا جملہ محذوف ہے "پھر آج جو خلافِ عادت جام کی نوبت مجھ تک پہونچی ہے" اس حذف نے شعر کا رتبہ بہت بلند کر دیا ہے ایسا حذف - جسپر قرینہ دلالت کرتا ہو اور جو الفاظ حذف کئے گئے ہیں وہ بغیر ذکر کئے دونوں مصرعوں میں بول رہے ہوں محسناتِ شعر میں شمار کیا جاتا ہے۔

لاکھوں لگاؤ ایک چرانا نگاہ کا لاکھوں بناؤ ایک بگڑنا عتاب میں

یہاں لگاؤ سے مراد لگاوٹ ہے؛ یعنی معشوق کا عاشق کے ساتھ ایسا برتاؤ کرنا جس سے اُسکا التفات اور میلانِ طبع پایا جائے۔ شعر کا مطلب یہ ہے کہ دوست کی لاکھوں لگاوٹیں ایک طرف؛ اور ایک نگاہ کا چرانا ایک طرف۔ اور اُسکے لاکھوں بناؤ سنگار ایک طرف؛ اور ایک عتاب میں بگڑنا ایک طرف۔ یہ شعر بھی سہل و ممتنع ہے۔ اگر الفاظ کی طرف دیکھئے تو تعجب ہوتا ہے کہ کیونکر ایسے دو ہم پلہ مصرع بہم پہونچ گئے جن میں حسنِ ترصیع کا پورا پورا حق ادا کیا گیا ہے۔ اور اگر معنی پر نظر کیجیے تو ہر ایک مصرع میں ایک ایسا معاملہ باندھا گیا ہے جو فی الواقع عاشق و معشوق کے درمیان ہمیشہ گذرتا رہتا ہے۔ معشوق کی لگاوٹ عاشق کے لئے بہت بڑی چیز ہے؛ مگر اُسکا آنکھ چرانا جو لگاوٹ کی ضد ہے وہ عاشق کی نظر میں لگاوٹ سے بہت زیادہ دلفریب و دلاویز ہوتا ہے۔ اسیطرح

بناؤ سنگار سے معشوق کا حسن بے شک دوبالا ہو جاتا ہے؛ مگر اُسکا غصہ میں بگڑنا اُسکے بناؤ سے بہت زیادہ خوشنما اور دلربا معلوم ہوتا ہے۔ اس شعر کے متعلق یہ سب ظاہری اور اوپری باتیں ہیں جو ہم لکھ رہے ہیں؛ اسکی اصل خوبی وجدانی ہے جسکو صاحبِ ذوق کے سوا کوئی نہیں سمجھ سکتا۔

ایک روز مولانا آزردہ مرحوم کے روبرو کسی نے یہ شعر پڑھا چونکہ مولانا نہایت صاف اور سریع الفہم اشعار کو پسند کرتے تھے، اس لئے مرزا کا کلام سُنکر اکثر الجھتے تھے اور اُنکی طرز کو ہمیشہ نام رکھتے تھے۔ مگر اُس روز اس شعر کو سُنکر وجد کرنے لگے اور متعجب ہوکر پوچھا کہ یہ کسکا شعر ہے؟ کہا گیا کہ مرزا غالب کا۔ چونکہ وہ مرزا کے شعر کی کبھی تعریف نہیں کرتے تھے، اور اُس روز لاعلمی میں بے ساختہ اُنکے مُنہ سے تعریف نکل گئی تھی، غالب کا نام سُنکر بطور مزاح کے جیسی کہ اُنکی عادت تھی فرمایا "اسمیں مرزا کی کیا تعریف ہے یہ تو خاص ہماری طرز کا شعر ہے"، مگر فی الحقیقۃ یہ شعر بھی معنیً و لفظاً ویسا ہی اچھوتا اور نرالا ہے جیسا کہ مرزا کا تمام کلام کسی کے کلام سے میل نہیں کھاتا۔ جہاں تک کہ ہمکو معلوم ہے ایسلوب بیان آجتک اس عمدگی کے ساتھ کسی کے کلام میں نہیں دیکھا گیا۔

رَو میں ہے رخشِ عمر کہاں دیکھئے تھمے نے ہاتھ باگ پر ہے نہ پا ہے رکاب میں

سوار کی بے اختیاری اور گھوڑے کا اُسکے قابو سے باہر ہونا چابک سواروں کی زبان میں اس سے بہتر بیان نہیں ہو سکتا اور عمر کو ایسے بے قابو گھوڑے سے تشبیہ دینا حسنِ تشبیہ کا حق ادا کر دینا ہے

اُتنا ہی مجھکو اپنی حقیقت سے بُعد ہے جتنا کہ وہمِ غیر سے ہوں پیچ و تاب میں

غیر سے یہاں ماسوی اللہ مراد ہے۔ جو صوفیہ کے نزدیک بالکل معدوم ہے۔ کیونکہ وہ وجودِ واحد کے سوا سب کو معدوم سمجھتے ہیں۔ کہتا ہے کہ جس قدر وجودِ ماسوی کے وہم سے رات دن پیچ و تاب میں

رہتا ہوں اُتنا ہی مجھے اپنی حقیقت یعنی وجودِ واجب سے بُعد ہے۔

ہے مشتمل نمودِ صُوَر پر وجودِ بحر　　یہاں کیا دھرا ہے قطرۂ و موج و حباب میں

وحدتِ وجود اور کثرتِ موہوم کی تمثیل ہے قطرۂ و موج و حباب کے ہیچ و ناچیز ہونے کو ایک عام محاورے میں اسطرح ادا کرنا کہ "یہاں کیا دھرا ہے" ،، نہایت بلاغت ہے۔

غالب ندیمِ دوست سے آتی ہے بوئے دوست　　مشغولِ حق ہوں بندگیِ بوتراب میں

چھوڑا نہ رشک نے کہ ترے گھر کا نام لوں　　ہر اک سے پوچھتا ہوں کہ جاؤں کدھر کو میں

چلتا ہوں تھوڑی دور ہر اک تیز رو کے ساتھ　　پہچانتا نہیں ہوں ابھی راہبر کو میں

طالبِ راہ خدا کو جو حالت ابتدا میں پیش آتی ہے اُسکو اِس تمثیل میں بیان کیا ہے۔ طالب اوّل اوّل جس شخص میں کوئی کرشمہ یا وجد و سماع و جوش و خروش دیکھتا ہے اُسی کے ہاتھ پر بیعت کرنے کا ارادہ کرتا ہے؛ اور اُسکے ساتھ ساتھ پھرتا ہے پھر جب کوئی اُس سے بڑھکر نظر آتا ہے تو اُسکا تعاقب کرتا ہے؛ وھلم جراً۔ اور وجہ اِس تذبذب اور تزلزل کی یہی ہوتی ہے کہ وہ کاملین کو پہچان نہیں سکتا۔

قطرہ اپنا بھی حقیقت میں ہے دریا لیکن　　ہمکو تقلیدِ تنک ظرفیٔ منصور نہیں

کرتے کس منہ سے ہو غربت کی شکایت غالب　　تم کو بے مہریٔ یارانِ وطن یاد نہیں

دو نو جہان دیکے وہ سمجھے یہ خوش رہا　　یہاں آپڑی یہ شرم کہ تکرار کیا کریں

اپنی فراخ حوصلگی اور اُسکے ساتھ شرافتِ نفس کا اظہار ہے؛ یعنی میں جو دونو جہان لیکر خاموش ہو رہا اِسکا سبب یہ نہیں تھا کہ میں اُن پر قانع ہو گیا؛ بلکہ مجھکو زیادہ مانگنے اور تکرار کرنے سے شرم آئی اِس لیے خاموشی اختیار کی۔

تھک تھک کے ہر مقام پہ دو چار رہ گئے　　تیرا پتہ نہ پائیں تو ناچار کیا کریں

میں نے کہا کہ بزمِ ناز چاہیے غیر سے تہی　　سُنکے ستم ظریف نے مجھکو اُٹھا دیا کہ یوں

ستم ظریف وہ ظریف جسکی ظرافت کے ساتھ ظلم بھی ملا ہوا ہو۔ مطلب شعر کا یہ ہے کہ میں نے تو رقیب کو غیر سمجھکر کہا تھا کہ آپکی محفل غیر سے خالی ہونی چاہیے؛ اُسنے یہ سُن کر مجھے بزم سے اُٹھوا دیا؛ یعنی یہاں ایک تو ہی غیر نظر آتا ہے۔

ہو گئی ہے غیر کی شیریں بیانی کارگر　　عشق کا اُسکو گماں ہم بیزبانوں پر نہیں

قیامت ہے کہ سُن لیلےٰ کا دشتِ قیس میں آنا　　تعجب سے وہ بولا یوں بھی ہوتا ہے زمانے میں

وہ آئیں گھر میں ہمارے خدا کی قدرت ہے　　کبھی ہم اُنکو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں

اپنے گھر میں معشوق کے آنے سے جو تعجب اور حیرت ہوئی ہے دوسرے مصرع میں اُسکی کیا عمدہ تصویر کھینچی ہے۔ یعنی کبھی معشوق کو دیکھتا ہے، اور کبھی اپنے گھر کو دیکھتا ہے، کہ اِس گھر میں اور ایسا شخص وارد ہوا!

کبھی جو یاد بھی آتا ہوں میں تو کہتے ہیں　　کہ آج بزم میں کچھ فتنہ و فساد نہیں

جہاں میں ہو غم و شادی بہم ہمیں کیا کام　　دیا ہے ہمکو خدا نے وہ دل کہ شاد نہیں

یارب زمانہ مجھکو مٹاتا ہے کس لیے　　لوحِ جہاں پہ حرفِ مکرر نہیں ہوں میں

حد چاہیے سزا میں عقوبت کے واسطے　　آخر گناہگار ہوں کافر نہیں ہوں میں

سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں　　خاک میں کیا صورتیں ہونگی کہ پنہاں ہو گئیں

قید میں یعقوب نے لی گو نہ یوسف کی خبر　　لیکن آنکھیں روزنِ دیوارِ زنداں ہو گئیں

یعقوبؑ کی آنکھوں کو روزنِ دیوارِ زنداں قرار دیا ہے کیونکہ جس طرح روزنِ زنداں ہر وقت یوسف پر

کشادہ رہتا تھا اسی طرح یعقوبؑ کی آنکھیں شب و روز یوسفؑ کی طرف نگراں رہتی تھیں۔

عاشقانہ

نیند اُسکی ہے دماغ اُسکا ہے راتیں اُسکی ہیں — جسکے بازو پر تری زلفیں پریشاں ہوگئیں

وہ نگاہیں کیوں ہوئی جاتی ہیں یارب دل کے پار — جو مری کوتاہیِ قسمت سے مژگاں ہوگئیں

نگاہوں کے مژگاں ہونے سے یہ مراد ہے کہ شرم و حیا کے سبب اوپر نہیں اُٹھتیں، بلکہ پلکوں کیطرح ہر وقت نیچے کو جھکی رہتی ہیں۔

شوخی

وھاں گیا بھی میں تو اُنکی گالیوں کا کیا جواب — یاد تھیں جتنی دعائیں صرفِ درباں ہوگئیں

یعنی اب نئی دعا تو کوئی ذہن میں باقی نہیں رہی اور وہی مستعمل دعائیں جو دربان کو دے چکا ہوں دوست کے حق میں صرف کرنے کو جی نہیں چاہتا۔ اِس شعر میں جو اصل خوبی اور لطافت ہے وہ یہ ہے کہ گالیوں کے جواب میں دعائیں دینے کو ایک ایسی معمولی اور ضروری بات ہونا ظاہر کرتا ہے کہ گویا اُسکو ہر شخص ضروری جانتا ہے؛ کیونکہ سب سے حیراں ہوکر پوچھتا ہے کہ بتاؤ اُنکی گالیوں کا کیا جواب دونگا جبکہ دعائیں سب نبڑ چکیں۔

تصوف

ہم موحد ہیں ہمارا کیش ہے ترکِ رسوم — ملتیں جب مٹ گئیں اجزاے ایماں ہوگئیں

تمام ملتوں اور مذہبوں کو منجملہ دیگر رسوم کے قرار دیتا ہے۔ جن کا ترک کرنا اور مٹانا موحد کا اصل مذہب ہے؛ اور کہتا ہے کہ یہی ملتیں جب مٹ جاتی ہیں تو اجزاے ایمان بجاتی ہیں۔

دیکھا اسد کو خلوت و جلوت میں بارہا — دیوانہ گر نہیں ہے تو ہشیار بھی نہیں

تصوف

جبِ جمالِ دل فروز صورتِ مہرِ نیمروز — آپ ہی ہو نظارہ سوز پردے میں منہ چھپائے کیوں

حقیقت و مجاز دونو پر محمول ہوسکتا ہے۔

قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونو ایک ہیں — موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں

اخلاق

حسد سے دل اگر افسردہ ہے گرمِ تماشا ہو — کہ چشمِ تنگ شاید کثرتِ نظارہ سے وا ہو

یہ محض خیالی مضمون نہیں ہے، بلکہ حقیقت واقعی کو ایک نہایت عمدہ پیرائے میں بیان کیا ہے۔ فی الواقع جب انسان گھر کی چاردیواری میں محصور، دنیا کے حالات سے ناواقف، اور لوگوں کی ترقی و تنزل کے اسباب سے بے خبر، ہوتا ہے تو اپنی محدود جماعت میں سے کسی کو عمدہ حالت میں نہیں دیکھ سکتا؛ لیکن جس قدر اُسکا دائرہ تعارف زیادہ وسیع ہوتا جاتا ہے اُسی قدر اُسپر یہ بات کھلتی جاتی ہے کہ لوگوں کی خوشحالی محض اتفاقی نہیں ہے۔ جسپر حسد و رشک کیا جائے۔ بلکہ اُنکی محنت و تدبیر کا نتیجہ ہے؛ اور اس لئے انصاف اور فیاضی اُسکے دل میں پیدا ہوتی ہے؛ اور وہ خود بھی کوشش و تدبیر کی طرف مائل ہوتا ہے اور بجاے حسد و رشک کے اوروں کی ریس اور پیروی کرنے پر متوجہ ہوجاتا ہے۔ اِس معقول بات کو ایک محسوس تمثیل میں بیان کرتا ہے کہ "چشمِ تنگ شاید کثرتِ نظارہ سے وا ہو"، جس طرح شعرا نے بخیل کے دل کو تنگ باندھا ہے اسی طرح حاسد کی آنکھ کو تنگی کے ساتھ موصوف کیا ہے۔

کعبہ میں جا رہا تو نہ دو طعنہ کیا کہیں — بھولا ہوں حقِ صحبتِ اہلِ کنشت کو

ہوں منحرف نہ کیوں رہ و رسمِ صواب سے — ٹیڑھا لگا ہے قط قلمِ سرنوشت کو

آئی اگر بلا تو جگر سے ٹلے نہیں — ایرا ہی دیکے ہمنے بچایا ہے کشت کو

خدا شرمائے ہاتھوں کو کہ رکھتے ہیں کشاکش میں — کبھی میرے گریباں کو کبھی جاناں کے دامن کو

نہ لٹتا دن کو تو کب رات کو یوں بے خبر سوتا — رہا کھٹکا نہ چوری کا دعا دیتا ہوں رہزن کو